# الفلاح انشورنس نگہبان پراڈکٹ



Alfalah Insurance

خوشگوار لمحوں سے لطف اٹھا نے کے ساتھ ساتھ زندگی میں آنے والی غیر یقینی صورتحال کے لئے بھی تیار رہیں۔

نگہبان انشورنس پلان کے ذریعے آپ حادثاتی موت، مکمل معذوری، حادثاتی طبی اخراجات، اے ٹی ایم ڈکیتی، فراڈ ٹرانزیکشنز، موبائل چھننا، نقب زنی اور شناختی دستاویزات کا گم جانا سے مکمل تحفظ حاصل کر سکتے ہیں۔یہ ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کے لئے مناسب طریقہ ہے۔

## میں نگہبان انشورنس پلان کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟

آپ اپنی قریبی الفلاح برانچ وزٹ کریں یا الفلاح کونٹیکٹ سینٹر پر 111 225 111 کال کریں۔

## کیا میں نگہبان انشورنس پلان کا اہل ہوں اور اس کی مدت کیا ہے؟

18 سال سے 60 سال کی عمر کے درمیان تمام بینک الفلاح اکاؤنٹ ہولڈر اہل ہیں۔

## نگہبان انشورنس پلان کون سے تحفظ پیش کرتا ہے؟

نگہبان انشورنس پلان مندرجہ ذیل تحفظ پیش کرتا ہے:

| تحفظ | براؤنز | سلور | گولڈ | پلیٹینم |
|---|---|---|---|---|
| حادثاتی موت + مستقل معذوری | 500,000 | 1,000,000 | 1,500,000 | 1,750,000 |
| اے ٹی ایم سے کیش نکالنا | 100,000 | 200,000 | 200,000 | 200,000 |
| فراڈ ٹرانزیکشن | 50,000 | 75,000 | 100,000 | 100,000 |
| حادثاتی طبی اخراجات | 10,000 | 15,000 | 20,000 | 20,000 |
| شناختی دستاویزات گم ہونا | 10,000 | 20,000 | 20,000 | 20,000 |
| والٹ ری پلیسمنٹ | 3,000 | 6,000 | 6,000 | 7,500 |
| کارڈ ہولڈر کے گھر پرنقب زنی | 35,000 | 70,000 | 70,000 | 75,000 |
| موبائل چھننا | - | - | 30,000 | 45,000 |
| کارڈدوبارہ اجراء کی لاگت | 3,000 | 6,000 | 6,000 | 6,000 |
| کل پریمیئم | **5,000** | **10,000** | **15,000** | **20,000** |

## کوریج کب شروع ہوگی؟ *

آپ کے بینک الفلاح اکاؤنٹ سے پریمیئم چارج کرنے کی تاریخ سے آپ کی کوریج مؤثر ہوگی۔

## کیا اس میں فری لک پیریڈ ہے؟

آپ کو 14 دن فری لک پیریڈ فراہم کیا جائے گا ہے، جس کے دوران آپ کے پالیسی منسوخ کرنے کے فیصلے کی صورت میں مکمل ادا شدہ پریمیئم آپ کو ری فنڈ ہو جائے گا۔

## کوریج کب تک چلے گی؟*

ایک مرتبہ شروع ہونے کے بعد آپ کی کوریج ایک سال کی مدت تک چلے گی۔

## نگہبان انشورنس پلان کے بیمہ دار کون ہیں؟

تمام فوائد الفلاح انشورنس کمپنی کی جانب سے فراہم کئے جا رہے ہیں۔الفلاح انشورنس کمپنی پاکستان میں ابو ظہبی گروپ کے نئے منصوبوں میں سے ایک ہے اوربینک الفلاح لمیٹڈ کی سسٹر کمپنی ہے۔ الفلاح انشورنس کمپنی نے 2006 میں آغاز کیا اورتیزی سے ترقی کرتی کمپنیوں میں شامل ہو چکی ہے۔ اس نے 2بلین روپے کا ہدف صرف 9 سال کی مدت میں حاصل کیا ہے۔

PACRA نے الفلاح انشورنس کمپنی لمیٹڈ کو 'AA' ریٹنگ دی ہے۔ مزید معلومات کے لئے برائے مہربانی http://www.alfalahinsurance.com وزٹ کریں۔

## کن حالات میں آپ انشورنس کوریج کے حقدار نہیں ہوں گے؟*

نگہبان انشورنس پلان مندرجہ ذیل کے نتیجے میں یا ان کی وجہ سے نقصان کی کوریج نہیں کرے گا:

- جنگ یا جنگ جیسی صورتحال
- خودکشی یا خود کو اذیت دینے والے زخم
- پہلے سے موجود صورتحال، بیماری یا حادثات جو نگہبان انشورنس پلان شروع سے پہلے کے ہوں۔
- ہنگاموں ، ہڑتالوں،شہری ہنگاموں یا دہشت گردی کے واقعات میں مؤثر کردار
- شراب یا منشیات کی زیادتی
- مسلح افواج میں ملازمت کے دوران
- کرائے کی بغیرادائیگی والے مسافر کے طور پر ہوائی سفر
- بیکٹیریل انفیکشنزعلاوہ پیو جینک انفیکشنز جو حادثے کی وجہ سے لگے ہوں

*اہم اخراجی حالات یہاں بیان کئے گئے ہیں۔مکمل ا خراجی حالات کی فہرست کے لئے نگہبان انشورنس پلان کی شرائط و ضوابط ملاحظہ کریں۔

## کلیم حاصل کرنے کے لئے کیا کرنا چاہیئے؟

کلیم کے لئے، برائے مہربانی رابطہ کریں:
الفلاح انشورنس کمپنی لمیٹڈ
کلیمزمنیجر (042) 111 786 234
ای میل: afi@alfalahinsurance.com

اس کے علاوہ آپ لکھ سکتے ہیں:
کلیمزمنیجر
الفلاح انشورنس کمپنی لمیٹڈ
5سینٹ میری پارك، گلبرگ III،لاہور

تمام کلیمز درکار دستاویزات کے مکمل ہونے کے 15 کاروباری دنوں میں طے ہوں گی۔

## مجھے پالیسی منسوخ کرنے کے لئے کیا کرنا چاہیئے؟

آپ کے پاس اجراء کی تاریخ سے 14دن فری لک پیریڈہے۔اس مدت کے دوران پالیسی منسوخ کرنے کی صورت میں مکمل ادا شدہ پریمیئم آپ کو ری فنڈ ہو جائے گا۔،اگر کوئی کلیم داخل نہ کیا گیا ہو۔

مزید معلومات کے لئے برائے مہربانی
الفلاح کونٹیکٹ سینٹر 111 225 111 کال کریں۔

بینک الفلاح لمیٹڈصرف بطور ڈسٹری بیوشن ایجنٹ شریک ہے اوراس پروڈکٹ کی وجہ سے ہونے والے کسی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہے۔

## انتباہ

- نگہبان انشورنس پلان انشورنس پروڈکٹ ہے جوالفلاح انشورنس کمپنی لمیٹڈ کی انڈر رٹن، اجراء اور طے کردہ شرائط و ضوابط سے مشروط ہے۔
- یہ بینک کی پروڈکٹ نہیں ہے جس سے انٹرسٹ کی ادائیگی ہو یا انوسٹمنٹ جس کی کیس ویلیو بنے یا دیگرکچھ یا بینک الفلاح اور/یا بینک الفلاح کے کسی ممبر کی جانب سے دی گئی گارنٹی۔
- الفلاح انشورنس کمپنی کی جانب سے نگہبان انشورنس پلان کے لئے جمع کی گئی درخواست یا کلیم مسترد ہونے کی صورت میں بینک الفلاح کسی بھی طرح اس کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔ پالیسی ہولڈر کی جانب سے کی گئیں پریمیئم ادائیگیاں الفلاح انشورنس کمپنی کو ادا کی جائیں گی اورانشورنس کوریج کے لئے استعمال کی جائے گی اورٹرم کے اختتام پر پالیسی ہولڈرکو کوئی رقم بھی ادا نہیں کی جائے گی۔
- نگہبان انشورنس پلان کی خریداری اختیاری ہے مگر اس کے لئے بینک الفلاح پاکستان روپے بینک اکاؤنٹ درکار ہوگا۔

111 225 111
bankalfalah.com